# فیصل آباد بورڈ 2023ء

## معروضی طرز

رول نمبر:________

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اصول تجارت

Paper Code 6581

وقت: 20 منٹ　　کل نمبر: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:** Four possible answers A, B, C and D to each question are given. The choice which you think is correct, fill that circle in front of that question with Marker or Pen ink in the answer book. Cutting or filling two or more circels will result in zero mark in that question.

**سوال 1:**

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| نقل و حمل Transportation | پیداوار Production | منافع کمانا Earn profit | فلاح و بہبود Welfare | کاروبار کا بنیادی مقصد ہوتا ہے: **The basic objective of business is to:** | 1 |
| 10 | 7 | 2 | 1 | واحد ملکیتی کاروبار میں سرمایہ دار ہوتے ہیں: **Investors in sole proprietorship are:** | 2 |
| زبانی ورجسٹرڈ Oral and registered | تحریری ورجسٹرڈ Written and registered | تحریری Written | زبانی Oral | شراکتی معاہدہ کی بہترین صورت ہوتی ہے: **The best form of partnership deed is:** | 3 |
| 1984ء | 1932ء | 1925ء | 1920ء | مشترکہ سرمائے کی کمپنی کا قیام دستور مجریہ کے تحت ہوتا ہے: **The act of formation of joint stock company is:** | 4 |
| طویل Long | قلیل Small | لامحدود Unlimited | محدود Limited | شراکتی کاروبار میں شرکاء کی ذمہ داری ہوتی ہے: **The liability of partners in partnership business is:** | 5 |
| تمسکات Debentures | پراسپیکٹس Prospectus | آرٹیکلز Articles | میمورنڈم Memorandum | وہ دستاویز جس کے ذریعے عوام کو کمپنی کے حصص خریدنے کی دعوت دی جاتی ہے: **The document through which public is invited to purchase shares of company is:** | 6 |
| 10 | 7 | 5 | 2 | انجمن امداد باہمی میں کم سے کم ممبران کی تعداد ہوتی ہے: **Minimum number of members in cooperative society are:** | 7 |
| 10 | 4 | 3 | 2 | غیر ملکی تجارت کی بڑی اقسام ہیں: **Main types of international trade are:** | 8 |
| درآمد Import | برآمد Export | پرچون فروشی Retailing | تھوک فروشی Whole selling | اندرون ملک سے اشیاء دوسرے ملک کو بھیجنا کہلاتا ہے۔ **The act of sending goods from home country to other is called:** | 9 |

CamScanner

| 4 | 3 | 2 | 1 | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4 | 3 | 2 | 1 | لیٹرآف کریڈٹ کے فریق ہوتے ہیں:<br>The parties involved in process of letter of credit are: | 10 |
| سود<br>Interest | کرایہ<br>Freight | تنخواہ<br>Salary | کمیشن<br>Commission | کاروباری ایجنٹ کا معاوضہ ہوتا ہے:<br>The remuneration of business agent is: | 11 |
| پنچنگ مشین<br>Punching machine | فیکس مشین<br>Fax machine | کیلکولیٹر<br>Calculator | کمپیوٹر<br>Computer | ایسی مشین جو کاغذات میں سوراخ کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے:<br>The machine used for making holes in papers is called. | 12 |
| قبول کنندہ<br>Acceptor | بیمہ دار<br>Insured | بیمہ کار<br>Insurer | بیمہ پالیسی<br>Insurance policy | بیمہ کروانے والا شخص کہلاتا ہے۔<br>The person who get himself insured is called: | 13 |
| بیمہ کاری<br>Insurance | نقل وحمل<br>Transportation | تشہیر<br>Advertisement | ذخیرہ کاری<br>Warehousing | اشیاء کو محفوظ کرنے کے فن کو کہتے ہیں:<br>The act of storing goods is called: | 14 |
| 5 | 4 | 3 | 2 | Methods of filing are :مسل بندی کے طریقے ہیں | 15 |

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| B -8 | D -7 | C -6 | B -5 | D -4 | C -3 | A -2 | B -1 |
| | A -15 | A -14 | C -13 | D -12 | A -11 | D -10 | C -9 |

## انشائی طرز

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

رول نمبر: ________

اصول تجارت

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## (حصہ اوّل)

**سوال 2:** کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 12

**Write short answers to any SIX parts.**

(i) معاشی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by economic activities?**

جواب: ایسی تمام سرگرمیاں جنھیں کسی مادی فائدے یا معاوضے کے حصول کی غرض سے انجام دیا جائے، معاشی یا پیداواری سرگرمیاں کہلاتی ہیں۔

All such activities to be carried out for the purpose of gaining any material benefit or compensation are called economic or productive activities.

(ii) کوئی سے چار معاونین تجارت کے نام لکھیے۔
**Write names of four trade auxiliaries.**

جواب: 1- پیکٹ سازی 2- اشتہار بازی 3- ذخیرہ کاری 4- بیمہ کاری

1. Packet making 2. Advertising 3. Storage 4. Insurance

(iii) واحد ملکیتی کاروبار کے کوئی سے دو نقصانات تحریر کیجیے۔
**Write any two disadvantages of sole proprietorship.**

جواب: 1- مالی کمزوری Financial weakness 2- غیر محدود ذمہ داری Unlimited liability

(iv) شراکت کی اقسام کون کون سی ہیں؟ نام تحریر کیجیے۔
**List out the types of partnerships.**

جواب: 1- مقررہ مدت کی شراکت 2- اختیاری شراکت 3- محدود شراکت 4- مخصوص شراکت

1. Fixed partnership 2. Optional partnership 3. Limited partnership 4. Specific partnership

(v) غیر مستعد حصہ دار کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
**What do you know about sleeping partner?**

جواب: غیر مستعد حصہ دار ایسے حصہ دار ہوتے ہیں جو کاروبار کو سرمایہ فراہم کرنے کے علاوہ نفع ونقصان کے بھی ذمہ دار ہوتے ہیں لیکن کاروبار کے انتظامی امور کی انجام دہی میں ان کا کوئی حصہ نہیں ہوتا۔

Sleeping partner are partner who are responsible for the loss or profits in addition to providing capital to the business but they have no role in the management of the business.

(vi) سنگل ممبر کمپنی سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by single member company?**

جواب: اس کمپنی میں ایک حصہ دار یا رکن ہوتا ہے۔اس کمپنی کا نظام فرد واحد یعنی اکیلے مالک کے سپرد ہوتا ہے اور یہ کمپنی اپنے نام کے ساتھ (ایس،ایم،سی پرائیویٹ) استعمال کرتی ہے۔

The company has a shareholder or member. The system of this company is entrusted to a single owner and this company uses (SMC private) with its own name.

(vii) کمپنی کے پیش نامہ کی تعریف کیجیے۔ **Define prospectus of a company.**

جواب: ایسی دستاویز جس کے ذریعے کمپنی کے حصص عوام کو خریدنے کی دعوت دی جاتی ہے،اس کو کمپنی کا پیش نامہ بھی کہا جاتا ہے۔

Documents that invite the public to buy shares of the company are called prospectus of a company.

(viii) جاری شدہ سرمایہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ **What do you mean by issued capital?**

جواب: جاری شدہ سرمایہ سے مراد منظور شدہ سرمایہ کا وہ حصہ ہے جو عوام کو فروخت کرنے کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔

It is that part of authorized capital which has been issued or offered to public for sell.

(ix) انجمن امداد باہمی کی کوئی سی چار اقسام کے نام تحریر کیجیے۔ **Write four types of cooperative society.**

جواب: 1- پیداکاروں کی انجمن امداد باہمی　　2- صارفین کی امداد باہمی کی انجمن

3- مارکیٹنگ انجمن امداد باہمی　　4- بیمہ کاری کی انجمن امداد باہمی

1. Producers cooperative society　　2. Consumer cooperative society
3. Marketing cooperative society　　4. Insurance cooperative society

**سوال 3:** کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ **12**

**Write short answers to any SIX parts.**

(i) انجمن امداد باہمی کی تعریف بیان کیجیے۔ **Define cooperative society.**

جواب: انجمن امداد باہمی کاشتکاروں اور دوسرے لوگوں کے مشترکہ معاشی مفاد اور ان میں کفایت شعاری اور اپنی مدد آپ کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے قائم کی جاتی ہے۔اس میں ممبران اپنے وسیلے بروئے کار لا کر بہتر طریقہ پیدائش اور معیار زندگی اپناتے ہیں۔

The cooperative society is set up for the mutual economic benefit of farmers and others people to create a spirit of self-sufficiency and self help in them. In this members use their resources to adopt a better way of production and quality of life.

(ii) شعبہ داری سٹور کی تعریف کیجیے۔ **Define department store.**

جواب: یہ سٹور عموماً کسی بڑے ہال یا مختلف منزلوں والی عمارت میں قائم کیے جاتے ہیں۔یہ بڑی دکان کئی چھوٹی چھوٹی دوکانوں پر مشتمل ہوتی ہیں اور ہر چھوٹی دوکان کو شعبہ (Department) کہا جاتا ہے جو مخصوص اشیاء ہی کی فروخت کرتا ہے۔

Th[illegible]es are usually set up in a large or hall, multi-storey building. This big shop consists of the small shops and each small shop is called a department. Which sells only specific items.

(iii) بین الاقوامی تجارت سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by international trade?**

جواب: جب دو یا دو سے زیادہ ممالک کے باشندے آپس میں اشیاء و خدمات کا لین دین کریں تو اسے بین الاقوامی تجارت کہا جاتا ہے۔

When people of two or more countries exchange goods and services with each other, it is called international trade.

(iv) صارف کی تعریف کیجیے۔ **Define consumer.**

جواب: ایسے افراد یا ادارے جو اشیاء کو استعمال کرنے کے لیے خریدتے ہیں صارف کہلاتے ہیں۔

A person or entities that buy items for use are called consumer.

(v) لیٹر آف کریڈٹ (تجارتی اعتباری خط) کی تعریف کیجیے۔ **Define the letter of credit.**

جواب: ایسے خطوط جو مختلف کاروباری افراد یا ادارے اپنے کاروباری امور نمٹانے یا معلومات کے حصول کے لیے بھیجتے اور وصول کرتے ہیں۔تجارتی اعتباری خطوط یا مراسلہ کہلاتے ہیں۔

Letter that are sent and received by various business individuals or organization for conducting their business affairs or to obtain information are called business letters or letter of credit.

CamScanner

(vi) ہائیر پرچیز شاپ کی تعریف کیجیے۔

**Define hire purchase shop.**

جواب: ہائیر پرچیز شاپ معاہدہ ایک کریڈٹ معاہدہ ہے۔ آپ ایک آئٹم مثال کے طور پر ایک کار، لیپ ٹاپ یا ٹیلی فون کرایہ پر لیتے ہیں اور ماہانہ ادائیگیوں میں ایک متفقہ رقم ادا کرتے ہیں آپ اس شے کے مالک نہیں ہیں۔ جب تک کہ آپ حتمی ادائیگی نہ کر لیں۔

A Hire purchase shop agreement is a credit agreement. You rent an item for example, a car, laptop or telephone and pay an agreed amount in monthly payments. You do not own the item until you have made the final payment.

(vii) پرچون فروش کی تعریف کیجیے۔

**Define retailer.**

جواب: پرچون فروش ایک ایسا کاروبار یا فرد ہوتا ہے جو صارفین کو ذاتی یا گھریلو استعمال کے لیے عام طور پر کم مقدار میں سامان یا خدمات براہ راست فروخت کرتا ہے۔

A retailer is a business or individual that sells goods or services directly to consumers for personal or household use, typically in small quantities.

(viii) انجمن امداد باہمی کے قیام سے کون لوگ مستفید ہوتے ہیں؟

**Who gets the benefits on the formation of cooperative society?**

جواب: انجمن امداد باہمی کے فوائد انجمن امداد باہمی کو ملنے والے فاضل ممبران کے درمیان مساوی طور پر تقسیم کیے جاتے ہیں۔ لہٰذا انجمن امداد باہمی کے تمام ممبران مستفید ہوتے ہیں۔

Benefits of cooperative society the surplus received by the cooperative societies is divided in an equal way between members. Hence all the members of the cooperative society are benefited.

(ix) کمپنی تمسکات کیوں جاری کرتی ہے۔

**Why does the company issue debenture?**

جواب: کمپنی تمسکات جاری کرتی ہے تاکہ وہ اپنی مصنوعات یا خدمات کو مشتریوں تک پہنچا سکے اور منافع حاصل کرے۔ تمسکات کمپنیاں عام طور پر پیشہ ورانہ منافع کے لیے کام کرتی ہیں اور ان کا مقصد منافع کی بڑھوتری اور توسیع ہوتا ہے۔

A company issues debenture so that it can deliver its products or services to customers and earn profit. Debenture companies generally operate for professional profit and aim at profit growth and expansion.

**سوال 4:** کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

12

**Write short answers to any SIX parts.**

(i) اشتہار بازی کی تعریف کیجیے۔

**Define advertisement.**

جواب: اشتہار بازی میں وہ تمام سرگرمیاں شامل ہیں، جو ایک شے، خدمت یا خیال سے متعلقہ پیدا کار کے پیغام کو زبانی یا بصری طریقے سے کسی ایک گروپ تک پہنچانے یا پیش کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

Advertising includes all activities that communicate a producer message related to services or idea, either verbally or visually to an indivisual assist in conveying or presenting to the group.

(ii) اشتہار بازی کس طرح بے روزگاری کم کرتی ہے؟

**How does the advertisement decrease unemployment?**

جواب: اشتہار بازی کے باعث بے روزگاری کم ہوتی ہے۔ پینٹرز ڈیزائنرز، کارٹونسٹ، مصور، خطاط فوٹوگرافر اور اسی طرح بہت سے دوسرے شعبوں کے افراد کا روزگار اشتہارات سے منسلک ہے۔

Advertising reduces unemployment painters, designs calligraphers, photograhpers cartoonists and so on are employed in many other field related to advertising.

(iii) بیمہ کی تعریف کیجیے۔

**Define insurance.**

جواب: ایسا معاہدہ جس میں ایک فریق دوسرے فریق سے وعدہ کرتا ہے کہ اگر اس کی جان و مال یا جائیداد کو کوئی نقصان پہنچے گا تو وہ اس کا معاوضہ ادا کرے گا، انشورنس یا بیمہ کہلاتا ہے۔

An agreement in which one party promises the other party that he will pay compensation in case of any loss of life or property is called insurance.

(iv) فضائی ذرائع سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by air transport?**

جواب: ایسی ٹرانسپورٹ جو کہ فضاء میں چلے، فضائی ٹرانسپورٹ کہلاتی ہے مثلاً ہوائی جہاز وغیرہ۔

Such transport which runs in the air in called air transport for example airplane etc.

(v) ذخیرہ اندوزی کا مفہوم واضح کیجیے۔ **Explain the concept of warehousing.**

جواب: ایسی جگہ عمارت یا کمرہ جس میں اشیاء کو بازارکاری کے مقصد سے رکھا جائے مال گودام کہلاتی ہے اور ایسا عمل جس میں اشیاء کا اکھٹا کرنا ان کا ذخیرہ اور درجہ بندی وغیرہ شامل ہوں ذخیرہ اندوزی کہلاتی ہے۔

A place building room in which goods are stored for marketing is called a warehouse and the process of storing, assembling and grading etc. is called warehousing.

(vi) دفتر کی تعریف بیان کیجیے۔ **Define office.**

جواب: دفتر کسی بھی ادارے کی تنظیمی سرگرمیوں کا مرکز ہوتا ہے۔ دفتر ادارے کی سرگرمیوں میں نظم وضبط قائم رکھنے کی ذمہ داری قبول کرتا ہے نیز کاروباری تنظیم میں یکسانیت اور نظم وضبط اور معیار کو قائم رکھتا ہے۔

The office is the centre of organizational activities of any organization. The office assumes the responsibility of maintaining order in the activities of the organization and maintaining uniformity and discipline and quality in the business organization.

(vii) حسابی مشینوں سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by calculating machines?**

جواب: حسابی مشین وہ ڈیوائسز ہیں جنھیں ان کے حصوں کی حرکت کے ذریعے جوڑنے، گھٹانے، ضرب اور تقسیم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہو جس کا نتیجہ ہندسوں کی ایک صف سے ظاہر ہوتا ہے۔

Calculating machines are devices designed to add, subtract, multiply and divide through the motion of their parts with the result of which represented by an array of digits.

(viii) مواصلاتی مشینوں کی چار مثالیں تحریر کیجیے۔ **Give four examples of communication machines.**

جواب: 1- ٹیلی فون 2- موبائل فون 3- کمپیوٹر انٹرنیٹ 4- ٹیلی پرنٹر

1. Telephone 2. Mobile phone 3. Computer internet 4. Teleprinter

(ix) افقی مسل بندی سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by horizontal filing?**

جواب: افقی مسل بندی کے طریقہ کے تحت خطوط یا کاغذات کو چپٹی یا افقی حالت میں اوپر نیچے رکھا جاتا ہے۔ اگر کسی کاغذ کو نکالنا مقصود ہو تو اوپر رکھے ہوئے تمام کاغذات کو اٹھانا یا اتارنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے دوسرے کاغذات کے پھٹنے کا خدشہ رہتا ہے۔

Under the horizontal filing system method, letters or papers are placed flat or horizontally up and down. If any paper is intended to be taken out, all the paper placed on top has to be lifted or unloaded, due to which there is a risk of other papers being torn.

## (حصہ دوم)

کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

**Attempt any THREE questions. Each question carries 08 marks.**

**سوال 5:** اچھے کاروباری آدمی کی خوبیاں بیان کیجیے۔

**Explain the qualities of good businessman.**

**سوال 6:** شراکتی معاہدہ کی تعریف کیجیے۔ نیز اس کے اہم نکات بھی بیان کیجیے۔

**Define partnership deed. Also narrate its important contents.**

**سوال 7:** کمپنی کے آئین اور ضوابط میں فرق بیان کیجیے۔

**Differentiate between memorandum and articles of association.**

**سوال 8:** انجمن امداد باہمی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

**Discuss the characteristics of cooperative society.**

**سوال 9:** اشاریہ سازی کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

**Discuss the various methods of indexing.**

CamScanner